پرچہ نمبر ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شهادة العالية (بی۔اے) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2014ء

وقت: تین گھنٹے | الورقة الأولیٰ: تفسیر واصول تفسیر | کل نمبر: 100

نوٹ: سوال نمبرا ایک لازمی ہے باقی دونوں قسموں سے دو، دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1

ا۔ قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ کا نام، لقب سن ولادت اور وفات لکھیں نیز بتائیں کہ آپ مقلد تھے یا غیر مقلد؟ 10

۲۔ تفسیر بیضاوی کا اصل نام اور اسکی چند خصوصیات تحریر کریں نیز بتائیں بیضاوی نسبت کس وجہ سے ہے؟ 10

سوال نمبر 2 سورة فاتحة الكتاب

(الف) سورة کی تعریف لکھیں اور بتائیں کہ قاضی بیضاوی نے جو سورت کی تعریف کی ہے وہ تو آیت الکرسی پر صادق آتی ہے پھر اس کو سورت کیوں نہیں کہتے؟ 10

(ب) لفظ سورت کے ماخذ اور پھر ماخذ سے اسکی مناسبت تحریر کریں۔ 10

(د) فاتحہ میں تاء کون سی ہے؟ مبالغہ کی، تانیث کی، تذکیر کی، یا نقلت کی؟ وضاحت کریں۔ 5

سوال نمبر 3 وإذا لقوا الذين امنوا قالوا امنا . بيان لمعاملتهم مع المؤمنين والكفار وما صدرت به القصة فمساقه لبيان مذهبهم وتمهيد نفاقهم فليس بتكرير.

(الف) کلام باری کا ترجمہ اور تفسیر کی ایسی تشرح کریں کہ سوال مقدر اور امر کا جواب واضح ہو جائے۔ 10

(ب) ارشاد باری میں چار فعل مذکور ہیں ہر ایک کی صرفی تحقیق کریں۔ 8

(ج) مذکورہ بالا آیت مقدسہ کا شان نزول تحریر کریں۔ 7

سوال نمبر 4

(الف) تسمیہ فاتحہ کا جز ہے یا نہیں؟ احناف اور شوافع کا نظریہ مع دلائل تحریر کریں۔ 10

(ب) قاضی بیضاوی کے نزدیک بسم اللہ کا متعلق کس کو بنانا اولی ہے اقرأ، ابتدأ یا، ابتدائی کو اور وجہ بھی تحریر کریں۔ 8

(ج) بیضاوی کی عبارت "وتقديم المعمول ههنا اوقع" میں معمول سے مراد کیا ہے اور اسکی تقدیم کیوں عمدہ ہے؟ 7

قسم ثانی............اصول تفسیر

سوال نمبر 5 قرآن کریم کے اسماء مع وجہ تسمیہ تحریر کریں۔ 15

سوال نمبر 6 قرآن کریم کی نزول کے اعتبار سے کونسی آیت پہلی ہے نیز مقام نزول بھی لکھیں۔ 15

سوال نمبر 7 عہد نبوی میں جمع قرآن کی کیفیت لکھیں۔ 15

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

پرچہ نمبر 2

ضمنی امتحان شھادۃ العالیۃ (بی۔اے) برائے طلباء سال ۱۴۳۵ھ/2014ء

وقت: تین گھنٹے | الورقۃ الثانیۃ: حدیث و اصول حدیث | کل نمبر:100

نوٹ: دونوں قسموں سے دو، دو سوالوں کا حل مطلوب ہے۔

القسم الأول........حدیث

سوال نمبر۱: عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ ﷺ لا یقام الحدود فی المساجد ولا یقاد بالولد الوالد.

۱۔ ترجمہ و تشریح کریں نیز حدیث شریف میں مذکور پہلے جملہ "لا یقام الحدود" کی علت و حکمت بیان کریں۔ ۱۵

۲۔ دوسرے جملہ "ولا یقاد" میں اختلاف ائمہ لکھیں اور بتائیں کہ یہ حدیث کن ائمہ کی دلیل ہے۔ ۱۵

سوال نمبر۲: وعن جریر أن النبی ﷺ مر علی نسوۃ فسلّم علیھن۔

۱۔ کیا غیر محرم خواتین کو سلام کرنا جائز ہے اگر نہیں تو پھر جناب رسول اللہ ﷺ نے کیوں فرمایا؟ ۱۵

۲۔ اگر غیر محرم کو سلام کیا گیا تو کیا وہ جواب دے یا نہ دے؟ مفصل لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر۳: وعن مالک قال بلغنی أنہ قیل للقمان ما بلغ بک ما نری یعنی الفضل قال صدق الحدیث وأداء الأمانۃ وترک مالا یعنینی.

۱۔ حدیث میں مذکور حضرت لقمان کون ہیں انکا مختصر تعارف کرائیں۔ ۵

۲۔ خط کشیدہ جملہ کی نحوی ترکیب کریں، بک میں باء کونسی ہے؟ ۱۵

۳۔ ترک مالا یعنینی سے کیا مراد ہے؟ پوری حدیث کا مطلب واضح کریں۔ ۱۰

القسم الثانی...... اصول حدیث

سوال نمبر۴: ۱۔ تیسیر مصطلح الحدیث پر حرکات لگائیں۔ اس کا معنی لکھیں، نیز بتائیں مصطلح کونسا صیغہ ہے معنی کیا ہے؟ ۱۰

۲۔ علم اصول حدیث کی تعریف، موضوع، غرض اور واضع تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر۵: درج ذیل اقسام حدیث میں سے پانچ کی تعریف کریں اور انکا حکم لکھیں۔ ۲۰

متواتر، عزیز، غریب، صحیح لذاتہ، منکر، مرسل، معلق

سوال نمبر۶: المعنعن لغۃ اسم مفعول من عنعن بمعنی قال عن عن واصطلاحاً قول الراوی فلان عن فلان

۱۔ ترجمہ و تشریح کریں۔ ۱۰

۲۔ معنعن متصل ہے یا منقطع اختلاف علماء لکھنے کے بعد قول صحیح بیان کریں۔ ۱۰

بسم الله الرحمن الرحيم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

شهادة العالية (سال دوم) (ضمني امتحان) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2014ء

وقت: تین گھنٹے | **الورقة الثالثة: فقه** | کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوال لازمی ہیں ہر سوال میں "یا" کے ساتھ اختیار دیا گیا ہے

سوال نمبر1: **الربوا محرم في كل مكيل أو موزون إذا بيع بجنسه متفاضلا وإذا عدم الوصفان الجنس والمعنى المضموم إليه حل التفاضل والنسأ.**

۱۔ اعراب لگائیں۔ (۵)

۲۔ ترجمہ لکھیں اور مذکورہ مسئلہ کی وضاحت لکھیں۔ (۱۵)

۳۔ ربا کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیں۔ (۵)

۴۔ ربا کے بارے میں علت ربا پر احناف وشوافع کا مؤقف واضح کر کے لکھیں۔ (۸)

"یا"

البيع ينعقد بالإيجاب والقبول

۱۔ بیع، ایجاب، قبول کے لغوی واصطلاحی معانی لکھیں۔ (۱۲)

۲۔ باعتبار مبیع، بیع کی اقسام تعریفات کے ساتھ لکھیں۔ (۱۶)

۳۔ ایجاب کے بعد ملنے والا اخیار کب تک رہتا ہے اور اس کا کیا نام ہے؟ (۵)

سوال نمبر2: (۱) بیع سلم کی تعریف اور شرائط تحریر کریں۔ (۱۸)

(۲) بیع سلم کے حکم شرعی پر مدلل نوٹ لکھیں۔ (۱۵)

"یا"

(۱) شرائط شہادت لکھیں۔ (۱۷)

(۲) مراتب شہادت ونصاب تحریر کریں۔ (۱۶)

سوال نمبر3: (۱) اجارہ کا لغوی واصطلاحی معنی سپرد قلم کریں۔ (۱۰)

(۲) صحت اجارہ کی وجودی وعدمی شرائط تحریر کریں۔ (۱۴)

(۳) اجیر مشترک اور اجیر خاص کی تعریفات لکھیں۔ (۱۰)

"یا"

(۱) غصب کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیں۔ (۶)

(۲) غاصب کے پاس شئ مغصوب ہلاک ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ تمام صورتوں کے احکام لکھیں۔ (۲۰)

(۳) ھبہ کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔ (۸)

پرچہ نمبر 4

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

شهادة العالية (بی۔اے) ضمنی امتحان برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2014ء

وقت: تین گھنٹے | الورقة الرابعة: بلاغت | کل نمبر:100

نوٹ: کوئی سے چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1:

ولذا لم يقل الحمد للخالق أو الرازق أو نحوهما مما يوهم اختصاص استحقاقه الحمد بوصف دون وصف .

(۱) مذکورہ عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے وارد ہونے والا سوال اور جواب تحریر فرمائیں۔ (۵+۱۰)

(۲) قاعدہ کی تعریف کریں نیز ولم ال من الوہو التقصیر جهداً 'جهد فتحہ اور ضمہ کے ساتھ کیا معنی دیتا ہے۔ 5+5

سوال نمبر2:

(۱) مقدمۃ علم اور مقدمۃ کتاب کیا ہے نیز اگر ان دونوں میں کوئی فرق ہو تو بیان کریں۔ ۱۰

(۲) تنافر حروف کی تعریف کریں نیز یہ بتائیں کہ اس کی مثال میں ثقل کیسے ہے اور اس کا ارتفاع کیسے ممکن ہے؟ ۱۰

(۳) قال ابن الاثير ليس التنافر بسبب بعد المخارج سے کیا مراد ہے؟ ۵

سوال نمبر3:

(۱) تكأكأتم اور افرنقعوا کہنے والے کا نام نیز اس نے یہ بات کس موقع پر کہی تحریر فرمائیں۔ ۱۰

(۲) کریم الجرشی کس نے کہا اور کس کے لیے کہا؟ ۵

"الا ليت شعرى هل يلو من قومه زهيرا على ماجر من كل جانب" فشاذ لايقاس عليه.

(۳) مذکورہ شعر کا ترجمہ کریں نیز لایقاس علیہ کی وضاحت کریں ۱۰

سوال نمبر4:

(۱) "إن المنافقين لكاذبون" مطول کی روشنی میں وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) "صدق الخبر و كذبه" میں علماء کا اختلاف مفصل بیان کریں۔ ۱۰

(۳) قرآن پاک سے مجاز عقلی کی کوئی سی 5 مثالیں تحریر کریں۔ ۵

سوال نمبر5 :

(۱) احوال مسند الیہ میں کون کون سی چیزیں بیان کی جاتی ہیں، تحریر فرمائیں۔ ۵

(۲) سکاکی نے استعارہ بالکنایۃ کی کیا تعریف کی مع مثال بیان کریں۔ ۵

(۳) مندرجہ ذیل کا تعلق کس بحث سے ہے نیز ممثل لہ کی وضاحت کریں۔ ۱۵

أهذا الذى يذكر الهتكم

قال لى كيف انت قلت عليل

يقال لک من نبيک فتقول نبينا حبيب الله

أبو القاسم محمد بن عبد الله ﷺ

الذين كذبوا شعيبا كانوا هم الخاسرين

فاسق فاجر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

شہادۃ العالیۃ (سال دوم) (ضمنی امتحان) برائے طلباء سال ۱۴۳۵ھ/2014ء

وقت: تین گھنٹے | **الورقۃ الخامسۃ: فلسفہ و مناظرہ** | کل نمبر: 100

نوٹ: دونوں قسموں سے دو دو سوالات حل کریں

القسم الاول .... مناظرہ

سوال نمبر1: **المناظرۃ ماخوذۃ اما من النظیر بمعنی ان ماخذھما شئ واحد او من النظر بمعنی الابصار او بمعنی التفاف النفس الی المعقولات والتامل فیھا او بمعنی الانتظار او بمعنی المقابلۃ**

(الف) عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں۔ (۴)

(ب) پہلے معنی یعنی امامن النظیر کی وضاحت خط کشیدہ عبارت سے کیوں ضروری سمجھی ہے وضاحت کریں۔ (۵)

(ج) مناظرہ کی اصطلاحی تعریف اور صاحب رشیدیہ نے جن لغوی معانی کی اصطلاحی تعریف کیساتھ وجہ مناسبت بیان کی ہے اسے تحریر کریں۔ (۱۶)

سوال نمبر2: **النظر من الجانبین فی النسبۃ بین الشیئین اظھارا للصواب**

(الف) عبارت کا ایسے انداز میں ترجمہ کریں کہ مفہوم واضح ہوسکے۔ (۵)

(ب) یہ تعریف کونسے علم کی ہے اس کا تعین کریں۔ اگر علم مناظرہ کی ہے تو اس سے وجوہ عدول بمع جواب تحریر کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر3: **والدلیل ھو المرکب من قضیتین للتادی الی مجھول نظری**

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں، اعراب لگائیں اور دلیل کی تعریف مشہورہ اور اس پر وارد ہونے والے اعتراضات بمع جوابات تحریر کریں (۱۰)

(ب) اصولیین کی بیان کردہ دلیل کی تعریف تحریر کریں۔ (۵)

(ج) کیا مذکورہ بالا تعریف دلیل فاسد پر بھی آتی ہے یا نہیں سچا نہ آنے سے تعریف جامع افراد نہیں رہے گی جواب تحریر کریں۔ (۵)

(د) قضیتین کی قید کا فائدہ بیان کریں۔ (۵)

القسم الثانی .... فلسفہ

سوال نمبر4: **فصل فی ان الصورۃ الجسمیۃ لا تتجرد عن الھیولی**

(الف) مصنف نے اثبات دعویٰ پر جو دلیل دی ہے تحریر کریں۔ (۲۰)

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف بیان کریں۔ (۵)

۱۔ شکل ۲۔ غیر متناہی بالفعل ۳۔ غیر متناہی لاتقف علی حدہ ۴۔ واجب تعالیٰ کے علوم غیر متناہی بالفعل ہیں یا لاتقف علی حدہ؟ تعین کریں۔
۵۔ صورت جسمیہ

سوال نمبر5: **فصل فی المکان الخ**

(الف) صاحب کتاب (ہدایۃ الحکمت) نے اثبات مکان پر جو دلیل قائم کی ہے اسے تحریر کریں۔ (۲۰)

(ب) مکان کی مذکورہ تعریف حکماء کے کونسے گروہ کے مسلک کی ترجمانی کررہی ہے۔ (۵)

سوال نمبر6: فصل فی کائنات البحر کی روشنی میں بادل۔ بارش۔ اولے۔ برف۔ کہر اور شبنم کے وجود میں آنے کے اسباب بیان کریں۔ (۱۵)

(ب) معاد جسمانی اور معاد روحانی کی تعریف کریں نیز معاد روحانی پر نوٹ لکھیں۔ (۱۰)

پرچہ نمبر 6

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

شہادۃ العالیہ (سال دوم) (ضمنی امتحان) برائے طلباء سال ۱۴۳۵ھ/2014ء

کل نمبر:100	الورقۃ السادسۃ: عربی ادب	وقت: تین گھنٹے

نوٹ: دونوں حصوں سے صرف دو دو سوال حل کریں نمبر سامنے درج ہیں۔

حصہ اول .... (دیوان حماسہ)

سوال نمبر 1: (الف) اشعار کا ترجمہ و تشریح کریں۔ 20

قومی هم قتلوا امیم اخی — فاذا رمیت یصیبنی سهمی
فلئن عفوت لاعفون جللا — ولئن سطوت لاوهنن عظمی
فلا تامنن قوما ظلمتهم — وبدأتهم بالشتم والرغم
ان یابروا نخلا لغیرهم — والشیء تحقره وقد ینمی
وزعمتم ان لا حلوم لنا — ان العصا قرعت لذی الحلم

(ب) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کریں۔ 10

سوال نمبر 2: (الف) اشعار کا ترجمہ کریں۔ 20

نصحت لعارض واصحاب عارض — ورهط بنی السوداء والقوم شهدی
فقلت لهم ظنوا بالفی مدجج — سراتهم فی الفارسی المسرد
فلما عصونی منهم وقد اری — غوایتهم واننی غیر مهتد
امرتهم امری بمنعرج اللوی — فلم یستبینوا الرشد الا ضحی الغد
وهل انا الا من غزیة ان غوت — غویت ان ترشد غزیة ارشد

(ب) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں۔ 10

سوال نمبر 3: (الف) اشعار کا سلیس اردو ترجمہ تحریر کریں۔ 15

ابلغ ابا مسمع عنی مغلغلة — وفی العتاب حیلة بین اقوام
ادخلت قبلی قوما لم یکن لهم — فی الحق ان یدخلوا لابواب قدامی
لو عد قبر وقبر کنت اکرمهم — میتا وابعدهم من منزل الذام
فقد جعلت اذا ما حاجتی نزلت — بباب دارک ادلوها باقوام

(ب) اشعار بالا سے پانچ جملے فعلیہ علیحدہ کر کے انکا ترجمہ کریں۔ 15

حصہ دوم (دیوان متنبی)

سوال نمبر 4: (الف) اشعار کا سلیس اردو ترجمہ و تشریح کریں۔ 10

لما راوک راوا اباک محمدا — فی جوشن واخا ابیک معاذا
اعجلت السنهم بضرب رقابهم — عن قولهم لا فارس الا ذا
غر طلعت علیه طلعة عارض — مطر المنایا وابلا ورذاذا
فغدی اسیرا قد بللت ثیابه — بدم وبل ببوله الافخاذا
مرت علیه المشرفیة طرقه — فالصاع لا حلبا ولا بغداذا

(ب) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تشریح کریں۔ 10

سوال نمبر 5: (الف) اشعار کا اردو ترجمہ کریں اور ان پر اعراب و حرکات لگائیں۔ 15

حتی الواجدنا کان حربجه — فی قلب کل موحد محفور
بمزودکفن البلی من ملکه — مقف والمد عینه الکافور
له السماحة والفصاحة والتقی — والباس اجمع والحجی والخیر
کفل الثناء له برد حیاته — لما انطوی فکانه منشور
وکانما عیسی بن مریم ذکره — وکان عازر شخصه المقبور

(ب) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی و لغوی تحقیق کریں۔ 05

سوال نمبر 6: (الف) صاحب متنبی پر ایک جامع تعارفی نوٹ تحریر کریں جسمیں حالات زندگی اور علمی مقام کا ذکر ہو۔ 10

(ب) دیوان متنبی کا عربی ادب میں کیا مقام ہے؟ مدلل تحریر کریں۔ 10